آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر

سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ

(شعبہ جنرل)

☆☆☆☆☆

''مظفرآباد''

نمبر سروسز/جنرل-8(21)/2014ء

مورخہ: 24 جنوری 2024ء

**سرکلر**

**بخدمت:۔**

1. جناب سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو،
2. محترمہ ایڈیشنل چیف سیکرٹری (جنرل/ترقیات)،
3. جملہ سیکرٹری صاحبان حکومت،
4. جناب انسپکٹر جنرل پولیس،
5. سربراہان منسلکہ محکمہ جات بشمول خودمختار ادارہ جات و سپیشل انسٹیٹیوشنز،
6. کمشنر صاحبان مظفرآباد/میرپور/پونچھ ڈویژن ہا،

آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر
مظفرآباد۔

**عنوان:۔ پروگرام یوم سیاہ (یوم جمہوریہ بھارت) مورخہ 26 جنوری 2024ء**

معاملہ عنوان الصدر میں حسب ہدایت تحریر خدمت ہے کہ 26 جنوری کو ہر سال بھارت **''یوم جمہوریہ''** مناتا ہے اور کشمیری اس دن کو **''یوم سیاہ''** کے طور پر مناتے ہیں کیونکہ بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر پر کشمیریوں کی مرضی کے خلاف غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے۔امسال 26 جنوری 2024ء کو بھارت کے یوم جمہوریہ کو **''یوم سیاہ''** کے طور پر منائے جانے کے حوالہ سے بذیل پروگرام پر عملدرآمد ہوگا:۔

۱۔ دارالحکومت مظفرآباد میں اِس دن کی موقع پر **اولڈ سیکرٹریٹ برہان مظفروانی (شہید) چوک میں 10:00 بجے دن** احتجاجی مظاہرہ/ریلی کا اہتمام کیا جائے گا جس کی قیادت وزراء کرام فرمائیں گے اور کل جماعتی حریت کانفرنس کے زعماء، تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے راہنما، مہاجرین کیمپوں کے صدور، تاجر، وکلاء تنظیموں کے راہنما اور سول سوسائٹی سے تعلق والی شخصیات اس ریلی میں شرکت کریں گی۔**(کارروائی بذمہ: سیکرٹری کشمیر کاز، آرٹس اینڈ لینگوئجز، ڈائریکٹر آپریشن جموں وکشمیر لبریشن سیل)**

۲۔ ریلی کے جملہ انتظامات جموں وکشمیر لبریشن کمیشن کے ذمہ ہوں گے۔**(کارروائی بذمہ: سیکرٹری کشمیر کاز، آرٹس اینڈ لینگوئجز، ڈائریکٹر آپریشن جموں وکشمیر لبریشن سیل)**

۳۔ سرکاری ملازمین اس احتجاجی ریلی میں بھرپور شرکت کرنے کے پابند ہوں گے اور اس سلسلہ میں جملہ سربراہان محکمہ جات اپنے اپنے محکمہ کے ملازمین کو ریلی میں شرکت کے لیے پابند کریں گے اور خود بھی شریک ہوں گے۔سیکرٹری صاحبان حکومت اپنے اپنے محکمہ جات کے ملازمین کی حاضری کو یقینی بنانے کے خصوصی اقدامات کریں گے۔**(کارروائی بذمہ: جملہ سیکرٹری صاحبان، سربراہان محکمہ جات)**

۴۔ میونسپل کارپوریشن مظفرآباد، ضلع کونسل مظفرآباد اور ترقیاتی ادارہ مظفرآباد کے جملہ ملازمین، چیئرمین ترقیاتی ادارہ مظفرآباد، چیئرمین ضلع کونسل مظفرآباد، میئر میونسپل کارپوریشن مظفرآباد کی سربراہی میں احتجاجی ریلی میں شرکت کرنے کے پابند ہوں گے۔**(کارروائی بذمہ: چیئرمین ترقیاتی ادارہ مظفرآباد، چیئرمین ضلع کونسل مظفرآباد، میئر میونسپل کارپوریشن مظفرآباد)**

۵۔ نزدیکی مہاجر کیمپوں سے مہاجرین جموں وکشمیر کی شرکت کو یقینی بنانے اور ان کو ریلی کے مقامات تک پہنچانے اور رابطہ کی ذمہ داری کمشنر بحالیات کی ہوگی۔**(کارروائی بذمہ: سیکرٹری کشمیر کاز، آرٹس اینڈ لینگوئجز، کمشنر بحالیات)**

۶۔ نیوڈسٹرکٹ کمپلیکس کے قریب ترین تعلیمی ادارہ جات میں سے علی اکبر اعوان ہائی سکول، گوجرہ ہائی سکول، نڑول ہائی سکول کے طلباء کے علاوہ اساتذہ کرام بھی شرکت کریں گے۔**(کارروائی بذمہ: سیکرٹری ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن)**

۷۔ سیکورٹی کے انتظامات کی ذمہ داری ضلعی انتظامیہ مظفرآباد کی ہوگی۔**(کارروائی بذمہ: ڈپٹی کمشنر مظفرآباد، ایس ایس پی مظفرآباد)**

**(جاری برپشت)**

24.1.24

CamScanner

۸۔ نیو ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے احاطہ میں جملہ ضلعی دفاتر کے سرکاری ملازمین کو احتجاجی مظاہرہ/ ریلی میں لانے کی ذمہ داری ڈپٹی کمشنر مظفرآباد کی ہوگی۔ (کارروائی بذمہ: ڈپٹی کمشنر مظفرآباد)

۹۔ بجلی کی سپلائی کو بحال رکھنے اور تقریب کی جگہ پر بروقت کنکشن دینے کا انتظام مہتمم برقیات آپریشن ڈویژن مظفرآباد کریں گے۔ (کارروائی بذمہ: چیف انجینئر برقیات مظفرآباد)

۱۰۔ احتجاجی ریلی کی بھرپور الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا کوریج کروانے اور صحافیوں کو مدعو کرنے کے علاوہ تقریب کیلئے ساؤنڈ سسٹم اور ریلی کیلئے میگافون کا انتظام بھی محکمہ تعلقات عامہ کرے گا۔ (کارروائی بذمہ: ڈائریکٹر اطلاعات)

۱۱۔ آزاد کشمیر کے جملہ اضلاع کے ضلعی صدر مقامات پر بھی احتجاجی ریلی کا انتظام ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر صاحبان اضلاع میں یوم سیاہ کے حوالہ سے تاجر تنظیموں اور ضلعی آفیسران سے میٹنگ کر کے اُن کی شرکت کو یقینی بنائیں گے اور تمام ضلعی صدر مقامات پر ریلیوں کا اہتمام کریں گے جس کی رپورٹ بعد میں محکمہ سروسز کو ارسال ہوگی۔ (کارروائی بذمہ: ڈپٹی کمشنر صاحبان اضلاع)

۱۲۔ جموں و کشمیر لبریشن سیل کشمیر سنٹر راولپنڈی اس دن کی مناسبت سے کل جماعتی حریت کانفرنس سے مل کر احتجاجی مظاہرہ/ ریلی کا اہتمام کرے گا۔ (کارروائی بذمہ: سیکرٹری کشمیر کاز، آرٹس اینڈ لینگویجز، ڈائریکٹر کوآرڈینیشن)

24.1.24
سیکشن آفیسر سروسز (جنرل-I)
فون نمبر: 05822-921974

نقل بالا بخدمت:۔

1. سیکرٹری صاحب برائے جناب صدر، آزاد جموں و کشمیر۔
2. پرنسپل سیکرٹری صاحب برائے جناب وزیراعظم، آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر۔
3. پرائیویٹ سیکرٹریز ہمراہ جناب سپیکر/ ڈپٹی سپیکر، آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی۔
4. پرائیویٹ سیکرٹریز ہمراہ جناب موسٹ سینئر وزیر/ وزیر سروسز، آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر۔
5. پرائیویٹ سیکرٹریز ہمراہ وزرائے کرام/ مشیران کرام/ معاونین خصوصی/ پارلیمانی سیکرٹریز، آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر۔
6. جناب چیف سیکرٹری، آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر۔
7. پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین وزیراعظم معائنہ وعملدرآمد کمیشن، آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر۔
8. جناب سیکرٹری سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ۔
9. جناب سیکرٹری، لوکل گورنمنٹ و دیہی ترقی۔
10. جناب سیکرٹری، توانائی و آبی وسائل۔
11. جناب سیکرٹری، فزیکل پلاننگ و ہاؤسنگ۔
12. جناب سیکرٹری، کشمیر کاز، آرٹس اینڈ لینگویجز۔
13. جناب سیکرٹری، ایلیمنٹری و سیکنڈری ایجوکیشن۔
14. جناب سیکرٹری، اطلاعات۔
15. جناب کمشنر، بحالیات۔
16. ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس، مظفرآباد ڈویژن۔
17. جناب چیف انجینئر، برقیات۔
18. چیئرمین صاحب، ترقیاتی ادارہ مظفرآباد۔
19. جناب ڈائریکٹر، اطلاعات۔
20. جناب ڈائریکٹر، جموں و کشمیر لبریشن سیل۔
21. ڈپٹی کمشنر صاحبان اضلاع۔
22. ایس ایس پی صاحب، مظفرآباد۔
23. ایس ایس پی/ ایس پی صاحبان اضلاع۔
24. چیئرمین صاحب، ضلع کونسل مظفرآباد۔
25. میئر صاحب میونسپل کارپوریشن مظفرآباد۔
26. انچارج صاحب، پی ٹی وی نیوز بیورو مظفرآباد/ پروگرام منیجر صاحب، آزاد جموں و کشمیر ٹیلی ویژن مظفرآباد۔
27. سٹیشن ڈائریکٹر صاحبان، آزاد جموں و کشمیر ریڈیو مظفرآباد/ میرپور/ تراڑکھل۔
28. سسٹم ایڈمنسٹریٹر صاحب، محکمہ سروسز۔
29. ماسٹر فائل۔

24.1.24
سیکشن آفیسر سروسز (جنرل-I)

CS CamScanner